بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمانِ الرَّحِیۡمِ

منقبت امام محمد باقر علیہ السلام

علمِ نبی کا وارث دنیا میں آرہا ہے۔۔۔۔۔۔حکمت کے خزانے بھی ساتھ لا رہا ہے

یہ پانچواں غنچہ ہے باغیچۂ نبی کا۔۔۔۔۔۔ایک ضوفشاں ستارہ جنت سے آرہا ہے

بے پرواہ دشمنی سے ہشام بن ملک کی۔۔۔۔۔۔اسلام کا ڈنکا وہ ہرسو بجا رہا ہے

حسنین جد ان کے اور سات امام ان سے۔۔۔۔ان کی ضیا سے عالم یوں جگمگا رہا ہے

مدرسہ میں ان کے مجمع ہے طالبوں کا۔۔۔۔۔دینِ نبی کا سکہ ہرسو بٹھا رہا ہے

منشا تھا یہ حاکم کا نیچا دکھائے ان کو۔۔۔مولا کا یہ کرشمہ خود منہ کی کھا رہا ہے

حقدار خلافت کا ہے کون حقیقت میں۔۔۔حکمت سے وہ اپنی سب کو بتا رہا ہے

سابقؔ زہے نصیب کہ اس زوم کی محفل میں۔۔باقر کی منقبت وہ سب کو سنا رہا ہے

حسن اختر سابقؔ

۳ فروری ۲۰۲۲ء